20-06-26

12.30 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں **شیخ انوار الحق**

مودی

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کل نئی دلی میں ایک تقریب کے دوران " پر دھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا" کے تحت متعلقین میں2ہزار400 کروڑ روپے کے مراعات تقسیم کئے ۔ اس کی عمل آوری میں ایک سنگِ میل سے تعبیر کیا جا رہا ہے جس کا مقصد PM-VBRY پہل کو روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ مختلف سیکٹروں میں سماجی تحفظ کو دوام بخشنا ہے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ PM وکست بھارت روزگار یوجنا پہلی مرتبہ کے ملازمین کو با اختیار بنانے نیز نوجوانوں اور صنعتوں کے درمیان دوریوں کوکم کرنے میں مدد گار ثابت ہو رہی ہے ۔

سنہا

پردھان منتری وکست بھارت روزگار یوجنا کے تعلق سے کنونشن سینٹر جموں اور بڑی برہمنا سانبہ میں خصوصی تقاریب کا انعقاد کیا گیا ۔ جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے 1 ہزار 522 ملازمین نے 74 لاکھ روپے کے مراعات حاصل کئے اور 304 ایمپلائیرس کے بنک کھاتوں میں براہ راست 25 کروڑ 42 لاکھ روپے منتقل کئے گئے ۔ یوٹی سطح کی تقریب سے ورچول طریقے پر خطاب کرتے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے وزیر اعظم نریندر مودی کا جموں کشمیر پر اس سکیم کو وسعت دینے کے لئے شکریہ ادا کیا ۔

------LG------

یوگا ڈے

بین الاقوامی سطح پر کل یوگا ڈے 2026منایا جا رہا ہے۔ اس سال یوگا کے بین الاقوامی دن کا موضوع ہے Yoga for Healthy Ageing ۔ اس سلسلے میں وزارت کلچر کی طرف سے ملک بھر کے سو اہم مقامات پر یوگا تقاریب کا انعقاد کیا جا رہے ا ہے۔ قومی سطح کی سب سے بڑی تقریب کولکتہ کے تاریخی ریڈ روڑ پر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں منعقد ہو گی۔

ادھر جموں کشمیر میں بھی یوگا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں۔ اس ضمن میں ڈائریکٹر آیوش جموں کشمیر ڈاکٹر اجے تکو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

.......BYTE.......

یوگا

ادھر مختلف ضلعوں کے ترقیاتی کمشنروں نے الگ الگ میٹنگوں کے دوران یوگا کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں ان اضلاع میں کی جا رہی تیاتریوں کا جائزہ لیاانہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے یوگا تقریبات کے احسن انعقاد کو یقینی بنائیں۔

ملاقات

لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹنٹ گورنر GOC شمالی کمان کے لیفٹنٹ جنرل بلبیر سنگھ ، GOC منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔ ان کے ہمراہ چنار کور کے لیفٹنٹ GOC کے علاوہ 16 ویں کور کے Rajan Sharawat لیفٹنٹ جنرل GOC نوویں کور کے جنرل پی کے مِشرا بھی تھے ۔

ممبر پارلیمنٹ انجینئر غلام علی کھٹانہ نے بھی لیفٹنٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی ۔ اس دوران قانون ساز اسمبلی کی ممبر دیویانی رانا بھی لوک بھون سرینگر میں ایل جی سے ملاقی ہوئیں ۔

سکینہ

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کوئل پلوامہ میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کے مسائل اور ترقیاتی ضروریات کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ اجا گر کئے گئے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کل تلہ ملہ گاندربل میں ماتا کھیر بھوانی مندر کا دورہ کر کے وہاں 22 جون کو منعقد ہونے والے سالانہ کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ ان کے ہمراہ صحت و طبی تعلیم محکمے کے کمشنر سیکریٹری ایم راجو ، صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی تھے ۔

اننت ناگ

اننت ناگ کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل لوگری پورہ عشمقام میں ماتا راگنیہ بھگوتی مندر کا دورہ کر کے وہاں 22جون کو ماتا کھیر بھوانی میلے کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دہ کہ وہ شردھالوں کیلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں۔

NEET

انڈر گریجویٹ 2026 کا امتحان دو بارہ لینے سے پہلے آج قومی NEET نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی

سطح کی ماک ڈرل کا انعقاد کر رہی ہے جس کا مقصد کل ہونے والے اس امتحان کے احسن اور شفاف انعقاد کو یقینی بنانا ہے ۔

نشہ

جموں کشمیر میں نشہ مکت جموں کشمیرابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں جاری ہیں۔ ایک طرف اس لعنت میں ملوث افراد کے خلاف سخت کاروائی کی جا رہی ہے اور دوسری طرف تعلیمی اداروں نیز عوامی اہمیت کے مقامات پر بیداری پروگراموں کا انعقاد بھی کیا جا رہا ہے۔

کولگام

کولگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر شہزاد عالم کی صدارت میں کل ضلع سطح کی جائزہ کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں مختلف مالی اداروں کے کام کاج اور فلیگ شپ کی سکیموں کا جائزہ لیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ